چھوٹا کاروبار
اور صحت بیمہ

کیا آپ کو اپنے ملازمین کو صحت بیمہ پیش کرنے میں دلچسپی ہے؟

بہت ساری وجوہات کے مدنظر اسمال بزنس اپنے ملازمین کو صحت بیمہ پیش کرتے ہیں، حالانکہ قانونی طور پر ان سے ایسا کرنے کا مطالبہ نہیں کیا جاتا ہے۔

آپ کے لیے ٹیکس کے فائدے:

- اسمال بزنس صحت بیمہ کی لاگت کے مدنظر اپنے انکم ٹیکس سے **ایک کٹوتی کا دعوی** کر سکتا ہے۔
- ملازمین کو صحت بیمہ پیش کرنے والا اسمال بزنس **ہیلتھ کیئر ٹیکس کریڈٹ کا دعوی** کرسکتا ہے جو کاروبار کی قسم (منفعتی یا غیر منفعتی)، ملازمین کی تعداد (25 سے کم)، ان کی تنخواہوں اور آپ جو رقم ادا کرتے ہیں اس کے لحاظ سے، ان کے صحت بیمہ کی لاگتوں کے 50% تک زیادہ ہو سکتا ہے۔

✓ آپ اسمال بزنس کے لیے اس **ٹیکس کریڈٹس** کا فائدہ اٹھانے کے لیے ٹیکس کی کوئی حالیہ جوابدہی ہونا ضروری نہیں ہے۔ کریڈٹس پچھلے سال کے انکم ٹیکس کی جوابدہی یا اگلے 20 سالوں میں ہونے والی جوابدہی کو شروع کر سکتے ہیں۔

✓ جو چھوٹے کاروبار **غیر منفعتی** ہیں ان کے لیے، **ہیلتھ کیئر ٹیکس کریڈٹ قابل واپسی ہے۔**

✓ اہل قرار پانے کے لیے آپ کو NY State of Health کے اسمال بزنس منڈی کے ذریعہ کوریج پیش کرنا ضروری ہے۔

آپ کے کارکنان کے لیے ٹیکس کے فائدے:

- کوریج پیش کرنے والے اسمال بزنس **ملازمین کو ٹیکس میں بچتیں فراہم** اس طرح فراہم کرسکتے ہیں کہ انہیں ٹیکس سے قبل تنخواہ سے کٹوتیوں کے ساتھ کوریج کی لاگت کا ان کا حصہ انہیں ادا کرنے دیتے ہیں۔
- آپ اپنے **کارکنان** کے لیے صحت بیمہ کے کوریج کی لاگت کے ضمن میں جتنی رقم کا تعاون کرتے ہیں اسے ملازم کی مجموعی آمدنی سے الگ کر دیا جاتا ہے اور اس کا نتیجہ **ملازم کے لیے ٹیکس کی بچت** کی صورت میں برآمد ہوتا ہے۔

افرادی قوت اور عملی فائدے:

- ملازمین کو صحت بیمہ کوریج پیش کرنے والے اسمال بزنس:
  - **بہتر کارکنان کو راغب کر اور انہیں باقی رکھ سکتے ہیں**
  - **اپنے کارکنان کی صحت برقرار رکھ سکتے ہیں**
  - **بحالی اور تربیت کی لاگتیں کم کر سکتے ہیں**
- **بیشتر افراد کو کوریج حاصل کرنا ہوگا ورنہ جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔** آپ کے کارکنان کو ریج پیش کرنا وفاقی نگہداشت صحت قانون کے تحت انہیں درکار فریج حاصل کرنے میں ان کی مدد کرنے کا ایک طریقہ ہے۔

اپنے ملازمین کو صحت بیمہ فراہم کرنےکے ٹیکس کے فوائد کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ٹیکس ایڈوائزر سے بات کریں۔

نگہداشت صحت میں اصلاح یا کوریج کے ساتھ شروعات کرنے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، NY State of Health nystateofhealth.ny.gov پر ملاحظہ کریں یا 1-855-355-5777 پر کال کریں۔

HEALTH INSURANCE LINK

NYC Human Resources Administration Department of Social Services

FLY-930 (B)
Rev. 03/16

یہ حقائق نامہ NYC Human Resources Administration Office of Citywide Health Insurance Access کے ذریعہ صرف معلوماتی مقاصد کے لیے فراہم کرایا گیا ہے۔ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لیے براہ کرم بیمہ دہندہ، بروکر، ٹیکس ایڈوائزر، یا ریاستی انضباطی حکام سے رجوع کریں۔